گورنر KATHY HOCHUL | **فوری ریلیز کے لیے:** 2023/10/5

گورنر HOCHUL کی جانب سے نفرت پر مبنی جرائم اور ہدفی تشدد کا نشانہ بننے والی تنظیموں کے لیے $25 ملین کی دستیابی کا اعلان

گورنر کی جانب سے یہ اعلان نیو یارک کے پہلے یگانگتی سربراہ اجلاس کے موقع پر کیا گیا، جس کا مقصد کمیونٹی گروہوں، مذہبی رہنماؤں اور قانون نافذ کرنے والے ان اداروں کو یکجا کرنا ہے جو نفرت کی بڑھتی ہوئی لہر پر قابو پانے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں

یگانگتی اجلاس میں لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado، سابقہ امریکی اٹارنی جنرل Loretta Lynch اور دیگر مقامی رہنماؤں کے ریمارکس بھی شامل کیے گئے

گورنر Kathy Hochul نے آج ان تنظیموں کے لیے اضافی $25 ملین کی رقم کی دستیابی کا اعلان کیا جو نفرت پر مبنی جرائم و غارت گری کے خطرے کا شکار ہوتے ہیں۔ انہوں نے یہ اعلان نیو یارک کے پہلے سربراہ اجلاس کے موقع پر کیا جس میں ریاست بھر کے 500 سے زائد نیو یارک کے کمیونٹی گروہوں کے نمائندگان، مذہبی رہنماؤں اور عوامی تحفظ کے ماہرین افراد کو طلب کیا گیا جنہوں نے اس حوالے سے اپنے نقطہ ہائے نظر کا اشتراک کیا کہ کس طرح نیو یارک نفرت کی بڑھتی ہوئی لہر کے خلاف جنگ میں متحد ہو سکتا ہے۔

"یہی موقع ہمارے اقدام کو واضح کرتا ہے - جو ایک ایسا موقع ہے جس پر نیو یارک متحد ہو کر اس امر کو واضح کرے کہ ہماری کمیونٹیز میں نفرت کے لیے کوئی گنجائش نہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مجھے نفرت و تعصب کے خلاف جنگ میں فعال کردار ادا کرنے والے ممتاز ماہرین کو ایک ساتھ جمع کرنے کے لیے نیو یارک کا پہلا یگانگتی سربراہ اجلاس طلب کرنے پر فخر ہے۔ میں جانتی ہوں کہ باہم مل جُل کر کام کرنے سے، ہم اس ریاست کو محفوظ تر اور ہر شخص کو اپنے دامن میں سمیٹنے کے لیے مزید فراخ دلانہ بنا سکتے ہیں۔"

"آج کے سربراہ اجلاس میں ہم نے رہنماؤں، حامیانِ حقوقِ انسانی اور دنیا بھر سے سرگرم کارکنان کو ایک ایسے دن کے اظہار اور ایسی جدوجہد کے عزمِ نو کے لیے جمع کیا ہے جو کہ نیو یارک سے نفرت کے خاتمے کے لیے ہم کر رہے ہیں" **لیفٹیننٹ گورنر Delgado نے کہا۔** "مذکورہ فنڈنگ سے ان کمیونٹی شراکت داران کے لیے براہ راست وسائل معاونت فراہم ہو گی جو مزید متحد اور متحمل ریاست کے قیام میں کردار ادا کر رہے ہیں۔ نفرت و تعصب کے تدارکی یونٹ کے صدر کے طور پر خدمات کی انجام دہی اور اس کام میں پیش رفت کی نگرانی میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔"

یگانگتی اجلاس میں اپنے ریمارکس کے دوران گورنر Hochul نے FY 2024 کے بجٹ میں $25 ملین کی دستیابی کا اعلان کیا تاکہ ان کمیونٹیز کو خدمات فراہم کرنے والی تنظیموں کو مدد فراہم کی جا سکے جو نفرت پر مبنی جرائم و غارت گری کے انتہائی خطرے سے دوچار ہیں۔ یہ فنڈنگ تنظیموں کو زدپذیر مقامات پر حفاظتی اقدامات میں اضافے کے سلسلے میں مدد کی فراہمی اور ریاست بھر میں ٹریننگز، عوامی آگہی مہمات اور رسائی کی دیگر کوششوں کے لیے استعمال کی جائے گی۔ نفرت و تعصب کے تدارکی یونٹ کے لیے $3.5 ملین کی فنڈنگ بھی سال 2024 کے بجٹ کا حصہ ہے، اور اس یونٹ کی ذمہ داریوں میں ان 10 علاقائی کونسلز میں باہمی اشتراک کا قیام

شامل ہے جنہیں پوری ریاست نیو یارک میں مختلف نوعیت کے تعصبات اور مسائل پر قابو پانے کے لیے طلب کیا گیا ہے۔ تمام تر 10 علاقائی کونسلز کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے اور آئندہ ہفتوں میں ان کی میٹنگ کا آغاز ہو گا۔

یگانگتی اجلاس میں سابق امریکی اٹارنی جنرل Loretta Lynch کی جانب سے کلیدی ریمارکس کو نمایاں کیا گیا۔ پینلز میں "نیو یارک میں نفرت کی صورت حال"، جس میں نفرت پر مبنی جرائم کے خاتمے کے سلسلے میں ریاستی ایجنسیوں کے رہنماؤں کی جانب سے کی جانے والی ان کی کوششوں پر روشنی ڈالی گئی، "اپنی کمیونٹی میں نفرت کے خاتمے اور اس سے بچاؤ کے لیے مل جُل کر کام کرنا"، جس میں یہودی، AAPI، مسلمان، سکھ، LGBTQ+، ہسپانوی اور افریقی امریکی کمیونٹی رہنماؤں کو نمایاں کیا گیا، نیز "وفاقی، ریاستی اور مقامی شراکت داران کا نفرت انگیزی سے نمٹنے کا طریقہ کار" جیسے پینلز شامل تھے۔ ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے انسانی حقوق میں واقع نفرت و تعصب کے تدارکی یونٹ کے سربراہ لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado کی جانب سے دیے گئے ریمارکس پر اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

منصب سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul نے نفرت پر مبنی جرائم اور تعصب پر قابو پانے کو اپنی اوّلین ترجیح بنایا ہے۔ دسمبر 2022 میں، گورنر Hochul نے ڈویژن برائے انسانی حقوق کے نفرت و تعصب کے نئے تدارکی یونٹ کا افتتاح کیا۔ نومبر 2022 میں، انہوں نے نفرت پر مبنی جرائم کا ارتکاب کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے اور تنوع و تحمل کی ایک نئی ریاست گیر مہم کی تخلیق کے سلسلے میں دو نئے قوانین پر دستخط کیے۔ FY23 کے بجٹ میں، گورنر Hochul کی جانب سے خلاف ورزیوں کو دہرانے اور نفرت پر مبنی جرائم کے سلسلے میں قابلِ گرفتاری اور قابلِ ضمانت ہونے کے عمل میں توسیع کی خاطر ضمانتی قوانین میں نمایاں تبدیلیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔

مکمل یگانگتی اجلاس دیکھنے کے لیے یہاں دستیاب ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418